© rasailojaraid.com

مولانا کی اہلیہ کو بھی خالی قرار دیا ہے۔ تو گویا ندوی صاحب کے نزدیک محبت وہی ہے جو دکھا کے کی جائے اور جوش نے جو یہ کہا ہے وہ غلط کہا ہے:۔

ظاہری صاحب سلامت اور ہے
جو رہے دل میں وہ الفت اور ہے

بہر حال مجموعہ مکاتیب بہت دلچسپ اور مفید ہے۔ امید ہے ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

اختلاف الائمہ :۔ از شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ العالی۔
تقطیع خورد۔ ضخامت ۴۸ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت ۵۰/۱
پتہ : کتب خانہ اشاعت العلوم۔ محلہ مفتی۔ سہارنپور

یہ اگرچہ ایک مختصر رسالہ اور وہ بھی ناتمام ہے۔ لیکن نہایت بصیرت افروز اور اہم ہے، کثرتِ مطالعہ و درس اور پھر کمالاتِ روحانی و باطنی کے باعث قرآن و حدیث کے علوم و فنون اور شریعت کے اسرار و غوامض حضرت موصوف کے رگ و ریشہ میں اس طرح رچ بس گئے ہیں کہ اچانک بے تکلف جو تقریر فرماتے یا کچھ لکھتے یا املا کراتے ہیں وہ بھی علم دین کا گنجینۂ اسرار و معانی ہوتا ہے۔ چنانچہ اس رسالے کا حال بھی یہی ہے۔ اسے قلم برداشتہ لکھا گیا ہے اور موضوع ہے ائمہ فقہا کا اختلاف اور اس کے اسباب و وجوہ۔ اگرچہ اس موضوع پر حضرت شاہ ولی اللہ۔ اور دوسرے حضرات نے بھی بہت کچھ لکھا ہے۔ لیکن اس رسالہ کی کی بات ہی کچھ اور ہے، معلومات اور اسرار و حِکَم کا ایک سمندر ہے جو حسن و تعبیر و تفہیم کی تند و تیز ہواؤں سے پرشور ہو گیا اور صفحہ قرطاس پر مچل پڑا ہے اس کی خوبی کا اندازہ پڑھے بغیر ہو ہی نہیں سکتا۔ علماء اور طلباء کو اس کا مطالعہ خاص طور پر کرنا چاہیے۔

© rasailojaraid.com